06/05/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عابدہ اختر**

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے وسطی کشمیر کے بڈگام کے ہر ایک کنبے، سماجی تنظیم، نیز روحانی اور سیاسی لیڈروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ضلعے میں چلائے جا رہے نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان میں شدت لائیں۔ انہوننے یقین دلایا کہ انتظامیہ پوری مضبوطی کے ساتھ منشیات کی لعنت کو اُکھاڑ پھینکنے کےلئے پُر عزم ہے۔

بڈگام میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے ایک حصے کے طور پر نکالی گئی بڑی پد یاترا میں شرکت کے بعد لوگوں سے خطاب کر تے ہوئے منوج سنہانے کہا ۔

-----LG-----

پولیس

منشیات کے خلاف اپنی مہم جاری رکھتے ہوئے پولیس نے اننت ناگ میں بجبہاڑہ کے رہنے والے بد نام زمانہ منشیات فروش رئیس احمد ڈار کے مکان کے احاطے میں ایک خفیہ زیر زمین ڈھانچہ دریافت کیا ہے، جو بظاہر ممنوعہ اشیاءکو چھپانے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ مذکورہ ڈرگ سمگلر کی ایک کروڑ چھ لاکھ روپے کی رہائشی جائیداد 15 اپریل 2026 کو پہلے ہی این ڈی پی ایس ایکٹ کی دفعات کے تحت ضبط کی جا چکی ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس دوران بجٹ 2026-27 کے دوران کلیدی اعلانات کی تیز تر عمل آوری سے متعلق امور کا تبادلہ خیال کیا گیا۔

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے جمونو کشمیر کی عوام کےلئے شروع کی گئی فلاحی سکیموں کی موثر اور بر وقت عمل آوری کو یقینی بنانے کی افسروں کو ہدایت دی۔

سکینہ

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے پانپور حلقے کا دورہ کر کے وہاں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوننے پرائمری ہیلتھ سینٹر پاریگام میں ایک ڈیجیٹل ایکسرے یونٹ اور تھائیرائڈ Analyser کا بھی افتتاح کیا۔

------Sakina----

جموں کشمیر بنک

جموں کشمیر بنک نے مسلسل چوتھے مالی سال میں ریکارڈ منافع کی شاندار روایت کو برقرار رکھتے ہوئے سال 2025-26 کے لیے اپنی تاریخ کا سب سے زیادہ سالانہ منافع 23ارب 63 کروڑ 47 لاکھ روپے درج کیا ہے۔

بینک نے مالی سال کا اختتام بھی ایک شاندار سہ ماہی کارکردگی کے ساتھ کیا، جہاں تقریباً 800 کروڑ روپے کا خالص منافع حاصل کیا گیا۔

امیتابھ چٹرجی نے کہا کہ عالمی جغرافیائی غیر یقینی صورتحال اور مقامی چیلنجز CEO بنک کے منیجنگ ڈائریکٹر ا ور کے باوجود بینک نے ریکارڈ منافع حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اثاثہ جات کے معیار میں بہتری اور مضبوط سرمائے کی پوزیشن بھی برقرار رکھی، جو بینک کی مضبوطی اور
مو

ثر حکمت عملی کا ثبوت ہے۔ٔ

ستیش شرما

سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے جموں و کشمیر میں شمسی توانائی کے فروغ کو تقویت بخشنے کے لیے حکومت کے مضبوط عزم کا اعادہ کیاہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو مجوزہ شمسی منصوبوں سے متعلق تمام مسائل کو مقررہ مدت کے اندر حل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

وزیر موصوف جموں و کشمیر سولر ایسوسی ایشن کے ایک وفد کے ساتھ بات چیت کے دوران اظہار خیال کررہے تھے۔ وفد نے خطے میں قابلِ تجدید توانائی کے فروغ سے متعلق اہم امور پر وزیر کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

شمالی ریلوے

شمالی ریلوے کشمیر سے ملک کی بڑی منڈیوں تک میووں کی ترسیل کے لیے ایئر کنڈیشنڈ کارگو ٹرین سروس شروع کرنے پر غور کر رہی ہے۔ اس مجوزہ منصوبے کا مقصد وادی کے زرعی شعبے کو مضبوط بنانا اور خاص طور پر کولڈ چین لاجسٹکس نظام کو بہتر بنانا ہے۔

اس منصوبے کے تحت سیب، چیری اور دیگر موسمی پھلوں کی پیداوار کو درجہ حرارت کے کنٹرول کے ساتھ منتقل کیا جائے گا، جس سے ان کی تازگی برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔

یہ اقدام کشمیر کے باغبانوں کو درپیش دیرینہ مسائل جیسے تاخیر، خراب ہونے والی پیداوار اور مارکیٹ تک محفوظ ترسیل کی کمی کو دور کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8اعشاریہ3ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ 20اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ